Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________ Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) شاعر نے حضرت محمد ﷺ کی ثنا میں کس کے سرگرم رہنے کی بات کی ہے؟

الف۔ جسم کے　ب۔ جان کے　ج۔ قلم کے　د۔ زبان کے

(ii) شاعر کے پاس نذر کرنے کے لائق کیا چیز ہے؟

الف۔ جسم وجاں　ب۔ دل　ج۔ روح　د۔ کچھ بھی نہیں

(iii) خوش کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ غمی　ب۔ دکھی　ج۔ درد　د۔ تکلیف

(iv) بیگمات کا واحد کیا ہے؟

الف۔ بےغم　ب۔ بےدم　ج۔ بیگم　د۔ نم

(v) آخری مغل بادشاہ کا نام کیا تھا؟

الف۔ اورنگزیب　ب۔ جہانگیر　ج۔ بہادر شاہ ظفر　د۔ شاہ جہاں

(vi) "یتیم شہزادے کی ٹھوکریں" کس کا لکھا ہوا مضمون ہے؟

الف۔ مولانا حالی　ب۔ خواجہ حسن نظامی　ج۔ اے حمید　د۔ عطاالحق قاسمی

(vii) اس کی نظر میں پست و________ سب برابر ہیں۔

الف۔ بلند　ب۔ عرض　ج۔ اونی　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(viii) حق اور________ میں تمیز کرنا سیکھیں۔

الف۔ حقوق　ب۔ باطل　ج۔ فرض　د۔ قرض

(ix) میرے بھائی صاحب مجھ سے________ سال بڑے تھے۔

الف۔ چار　ب۔ پانچ　ج۔ چھ　د۔ سات

(x) بڑے بھائی صاحب نے اپنے درجے کی پڑھائی کی________ تصویر کھینچی:

الف۔ ہیبت ناک　ب۔ دردناک　ج۔ خوفناک　د۔ اندوہناک

(xi) فنا کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ مہلقا　ب۔ رُفقاء　ج۔ بقا　د۔ رقہ

(xii) پاک کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ صاف　ب۔ ناپاک　ج۔ گندہ　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiii) نام دیو کے کوئی________ نہ تھی۔

الف۔ اولاد　ب۔ جائیداد　ج۔ میراث　د۔ سفارش

(xiv) نام دیو کو________ کے علاج میں مہارت تھی۔

الف۔ بڑوں　ب۔ بزرگوں　ج۔ بچوں　د۔ جانوروں

(xv) عام طور پر انسان________ واقع ہوا ہے۔

الف۔ جلد باز　ب۔ کاہل　ج۔ ہوشیار　د۔ بے وقوف

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

## حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ (05) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (10)

(i) قبر کے کنارے بیٹھ کر آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟
(ii) کشتی ڈوبنے کو کون سے دو اسباب تھے؟
(iii) جملے کی وضاحت کریں: ''تہور مصلحت پر غالب آیا''
(iv) مرزا غالبؔ کو کون سا پھل پسند تھا؟
(v) پانی کی قلت کے زمانے میں نام دیو پودوں کو کیسے سیراب کرتا؟
(vi) ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' کا مصنف کون ہے؟
(vii) ساری دنیا کو رزق دینے والا کون ہے؟

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں: (10)

(i) سائنس اور مذہب کے فاصلے
(ii) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تین سے پانچ جملوں تک محدود جوابات لکھیے: (10)

(i) امیر اور غریب سے مساوی سلوک اور انصاف کی آپ ﷺ نے کیا مثال پیش کی؟
(ii) بڑے بھائی صاحب بار بار کیوں فیل ہوتے تھے؟
(iii) مصنف کی نظر میں مشرق اور مغرب کا اہم مسئلہ کیا ہے؟

سوال نمبر ۵: مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (10)

نام دیو بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔

سوالات:

(i) نام دیو کا مزاج کیسا تھا؟
(ii) اس کے چہرے پر کیسے تاثرات رہتے تھے؟
(iii) وہ ہر ایک سے کس طرح ملتا تھا؟
(iv) نام دیو کی تنخواہ کتنی تھی؟
(v) وہ غریبوں کی کتنی مدد کرتا تھا؟

## حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر ۶: پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے چھٹی کی درخواست لکھیے۔ (10)

-یا-

چچا کے نام تحفے کے شکریے کا خط لکھیے۔

سوال نمبر ۷: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیے: (10)

(i) اتفاق میں برکت ہے
(ii) پیاسا کوا